© rasailojaraid.com



محمد اسحاق بھٹی

# نقد و نظر

نام کتاب : اسوہ حسنہ
مصنف : ڈاکٹر محمد بشیر صارم
ناشر : الباسط اکیڈمی۔ محمدیہ کالونی، فقیر والی، ضلع بہاول نگر
صفحات : ۱۳۶۔ کتاب، طباعت، کاغذ بہترین، قیمت ۲۵ روپے

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی مسلمان کے نزدیک متاع دین و دنیا ہے، اور درحقیقت مسلمان وہی ہے جو آنحضرت کو دنیا کی تمام چیزوں سے بڑھ کر لائق محبت و الفت گردانتا ہے۔ آپ نے جو کچھ فرما دیا، اس پر عمل کرنا فرض ہے اور آپ نے جس راستے کی نشان دہی کر دی اس پر چلنا ضروری ہے۔

اللہ تعالی نے آپ کو مسلمانوں کے لیے اسوہ اور نمونہ قرار دیا ہے۔ آپ کی زندگی کا ہر پہلو ہمارے لیے نمونہ اور آپ کے ارشادات کا ہر گوشہ اور ہر حصہ قابل اطاعت ہے۔

آپ نے اپنی حیات مبارکہ میں بے شمار کام کیے اور بے شمار لوگوں سے ملاقات فرمائی، اس کی حیثیت ہمارے لیے نمونے کی ہے۔ آپ کا بچوں کے ساتھ بات چیت اور میل جول کا کیا انداز تھا، جوانوں اور بوڑھوں کے ساتھ آپ کا کیا رویہ تھا، تاجروں اور مزدوروں کے ساتھ آپ کا طریق گفتگو کیا تھا، غیر مسلموں اور مخالفوں سے آپ کس قسم کا تاؤ کرتے تھے، آپ کا اسلوب خطابت اور انداز وعظ و تبیغ کیا تھا، شوہر کی حیثیت سے بیویوں کے ساتھ، باپ کی حیثیت سے اولاد کے ساتھ، بڑے کی حیثیت سے چھوٹوں کے ساتھ، رشتے داروں کے ساتھ اور عام لوگوں کے ساتھ آپ کا نہج کلام کیا تھا۔ بیمار کے ساتھ، قیدی کے

© rasailojaraid.com